F. 6-4 (Edit) /2016 NCPUL Press release

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

jk"Vh; mn Hkk"kk fodkl ifj"kn

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.: urducouncil@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Human Resource Development
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 24/08/2016

# مالی تعاون اسکیم کی رقم میں 50 فیصد کا اضافہ: پروفیسر ارتضیٰ کریم

## قومی اردو کونسل میں گرانٹ ان ایڈ پینل کی میٹنگ کا انعقاد

نئی دہلی: قومی اردو کونسل کی آواز ملک کے طول وعرض تک پھیلتی جارہی ہے یہی وجہ ہے کہ اس دفعہ درخواست دہندگان کی تعداد میں خاصا اضافہ دیکھا جارہا ہے جو یقیناً ایک خوش آئند بات ہے۔کونسل کی تاریخ میں پہلی دفعہ مالی اعانت کے لیے تقریباً ایک ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں عالمی سیمینار کے تعلق سے 28 درخواستیں ہیں۔ یہ باتیں کونسل کے ڈائرکٹر پروفیسر ارتضیٰ کریم نے کونسل کے صدر دفتر میں منعقدہ گرانٹ ان ایڈ پینل کی میٹنگ میں کہیں۔انھوں نے کہا کہ جس قدر مہنگائی بڑھی ہے۔اس تناسب سے چھوٹی سی رقم میں سیمینار کے انعقاد میں دقتیں آرہی تھیں لہٰذا کونسل نے 50 فیصد رقم میں اضافہ کردیا ہے۔اس طرح ضلعی سطح کے سیمینار کے لیے 37,500، ریاستی سطح کے سیمینار کے لیے 75,000، قومی سطح کے سیمینار کے لیے 1,50,000 جب کہ عالمی سیمینار کے لیے 4,50,000 رقم مختص کی گئی ہے۔انھوں نے مزید کہا مالی تعاون اسکیم کے تحت نہ صرف ان علاقوں کو فائدہ ہوگا جہاں اردو پڑھنے اور بولنے والوں کی تعداد زیادہ ہے بلکہ ان علاقوں کو بھی ترجیحات میں شامل رکھا گیا ہے جہاں اردو آبادی کم ہے۔انھوں نے کہا کہ نہ صرف کونسل اردو کے فروغ لیے فکرمند ہے بلکہ مرکزی حکومت بھی سنجیدہ ہے اور ہمیں پورا تعاون دے رہی ہے۔میٹنگ کے آغاز سے قبل مشہور ومعروف فکشن نگار پیغام آفاقی کی موت پر پینل کے تمام ممبران نے اظہار تعزیت کیا اور آفاقی مرحوم کی ادبی خدمات کی ستائش کی۔اس میٹنگ کی صدارت مشہور ناقد پروفیسر صغیر افراہیم نے کی۔انھوں نے سال میں دو دفعہ میٹنگ کے انعقاد پر کونسل کو مبارکباد دی اور کہا کہ اس سے کونسل کی فعالیت کا اندازہ ہوتا ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ قومی اردو کونسل پروفیسر ارتضیٰ کریم کی قیادت میں جس مستعدی سے کام انجام دے رہی ہے وہ یقیناً قابل ستائش ہے۔واضح رہے کہ اس میٹنگ میں سیمینار، کانفرنس، ورک شاپ، مشاعرے اور اردو، عربی وفارسی مسودات کی اشاعت اور ریسرچ پروجیکٹ سے متعلق درخواستوں پر غوروخوض کے بعد مالی اعانت کے لیے منظور کیا گیا۔اس میٹنگ میں پروفیسر علیم اللہ حالی، پروفیسر فاروق بخشی، پروفیسر قدسیہ انجم، ڈاکٹر کیول دھیر، ڈاکٹر مشتاق احمد نوری، ڈاکٹر نصرت مہدی، ڈاکٹر مشتاق احمد کے علاوہ کونسل کے پرنسپل پبلی کیشن آفیسر ڈاکٹر شمس اقبال، اسسٹنٹ ڈائرکٹر اکیڈمک محترمہ شمع کوثر یزدانی، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر محمد فیروز عالم، ریسرچ اسسٹنٹ ڈاکٹر توقیر عالم راہی، مجیب احمد، جاوید اقبال اور ڈاکٹر شاہد اختر نے بھی شرکت کی۔

(رابطہ عامہ سیل)